# MANUU

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

**Project Work**

**Diploma in Journalism & Mass Communication**

نام: [redacted]

رول نمبر: [redacted]

اندراج نمبر: [redacted]

2nd Semester 2020-21:سال


نظامت فاصلاتی تعلیم،

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی،

گچی باؤلی، حیدرآباد-500032

# MANUU

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## **Project Work**

## **Diploma in Journalism & Mass Communication**

نام: [redacted]

رول نمبر: [redacted]

اندراج نمبر: [redacted]

سال: 2nd Semester 2020-21


نظامت فاصلاتی تعلیم،

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی،

گچی باولی، حیدرآباد۔500032

# فہرست (Contents)


| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| 1۔ اخبارات کی صفحہ سازی | 1 |
| 2۔ خبری اہمیت کی تصاویر | 5 |
| 3۔ خبر نگاری | 9 |
| 4۔ ریڈیو نیوز اسکرپٹ | 10 |
| 5۔ ٹیلی ویژن نیوز اسکرپٹ | 12 |
| 6۔ اشتہار سازی برائے اخبار | 14 |
| 7۔ الکٹرانک میڈیا کے لئے اشتہار کی اسکرپٹ نگار | 18 |
| 8۔ پریس ریلیز(Press Release) | 15 |
| 9۔ تحقیق کے لئے سوالات | 16 |
| 10۔ انٹرویو | 19 |


----------------

# Acknowledgement

## اظہار تشکر


میں [redacted] (رول نمبر: [redacted])

Enrollment Number [redacted]۔ سب سے پہلے مانو فاصلاتی تعلیم کی نظامت کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ اس کے علاوہ میں کورس کوارڈینٹر جناب شمس عمران صاحب کا تہہ دل سے شکر ادا کرتی ہوں۔ جنہوں نے وقتاً فوقتاً اس پروگرام کو انجام تک پہنچانے میں میرس مدد کی۔ اس کے علاوہ میں اپنے فیملی ممبرس کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں جن کی مدد کے بنا اس پروگرام کو مکمل کرنا مشکل تھا۔

[redacted]

DJMC

II – Semester

[redacted]

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، نظامت فاصلاتی تعلیم

ڈپلوما ان جرنلزم اینڈ ماس کمیونیکیشن

پروجیکٹ ورک (Project Work)

مجموعی نشانات: 150

2020-21

طلبہ اس عملی کام کو مکمل کر کے سمسٹر دوم کے امتحان ختم ہونے سے پہلے نیچے دیے گئے پتے پر شخصی طور پر جمع کریں تا بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔ اس کے بعد یہ قبول نہیں کیے جائیں گے۔

## پروجیکٹ کی تفصیلات

۱. اخبارات کی صفحہ سازی (نشانات :15)

اس میں آپ کو اخبار کا پہلا صفحہ، ادارتی صفحہ اور کھیل کا صفحہ تیار کرنا ہے۔ اخبارات کے صفحے کیسے تیار کیے جاتے ہیں یہ جاننے کے لیے آپ مختلف اخبارات کو دیکھ کر ان کا مطالعہ کریں۔ اخبارات کی فوٹو کاپی یا ای پیپر (e-paper) کے پرنٹ آوٹ کو پروجیکٹ میں شامل نہ کریں۔ بلکہ از خود کمپیوٹر یا ہاتھ سے صفحے تیار کریں۔ اگر دو یا دو سے زیادہ طلبہ کے صفحات ایک جیسے پائے گئے تو ایسے صفحات رد کر دیے جائیں گے۔

۲. خبری اہمیت کی تصاویر (نشانات :15)

اس کے لیے آپ اخبار سے پانچ تصاویر منتخب کریں۔ ہر تصویر کو علیحدہ کاغذ کے صفحہ پر چسپاں کیجیے اور اس کی تفصیلات کو بیان کرتے ہوئے اس کی خبری اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

۳. خبر نگاری (نشانات : 15)

اس ضمن میں اپنے علاقے میں پیش آنے والے اہم واقعات میں سے کسی ایک واقعہ کے بارے میں خبر تیار کیجیے۔ واضح رہے کہ خبر نگاری کے جو اصول ہیں انہیں کے مطابق خبر تحریر کریں۔ اخبار یا کسی اور ذریعہ سے نقل کی گئی خبر کو رد کر دیا جائے گا۔

۴. ریڈیو نیوز اسکرپٹ (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو ریڈیو پر پڑھی جانے والی خبروں کی اسکرپٹ لکھنی ہے۔ نیوز اسکرپٹ میں کم از کم پانچ مختلف خبریں ہونی چاہئے۔ وائس اوور (Voice Over) دینے کی ضرورت ہے تو اسکرپٹ میں اس کی بھی نشاندہی کیجیے۔

۵. ٹیلی ویژن نیوز اسکرپٹ (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو ٹیلی ویژن پر پیش کی جانے والی خبروں کی اسکرپٹ لکھنی ہے۔ خبر میں کہاں کہاں پر آپ تصاویر (Visuals) کا استعمال کریں گے اس کی بھی نشاندہی اسکرپٹ میں کریں۔

۶. اشتہار سازی برائے اخبار (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو دو کلاسیفائیڈ (Classified) اشتہار اور ایک ڈسپلے (Display) اشتہار تیار کرنا ہے۔ آپ اپنی پسند کے کسی بھی موضوع پر اشتہار تیار کر سکتے ہیں۔ کسی اور جگہ سے نقل کیا گیا اشتہار رد کر دیا جائے گا۔ صرف اپنے ہاتھ سے یا از خود کمپیوٹر سے بنائے گئے اشتہار ہی نشانات کے مستحق ہوں گے۔

۷. الکٹرانک میڈیا کے لئے اشتہار کی اسکرپٹ نگاری (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے لئے اشتہار کی ایک ایک اسکرپٹ لکھنی ہے۔ ریڈیو اسکرپٹ میں موسیقی اور صوتی تاثرات کی بھی نشاندہی کریں۔ اسی طرح ٹیلی ویژن اسکرپٹ میں استعمال ہونے والی تصاویر کی نشاندہی بھی ضروری ہے۔

۸. پریس ریلیز (Press Release) (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو اخبار اور دیگر ذرائع ابلاغ کے لیے ایک پریس ریلیز تیار کرنا ہے۔ یہ پریس ریلیز سرکاری/ غیر سرکاری ادارے، کمپنی، فرم، پارٹی یا کسی اور کی جانب سے ہو سکتی ہے۔

۹. تحقیق کے لئے سوالات (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو کسی بھی سماجی/ معاشی/ ملکی/ بین الاقوامی مسئلہ پر کم از کم دس سوالات تیار کرنے ہیں۔ سوالات ایسے ہوں کہ ان کے جوابات سے لوگوں کے خیالات/ نظریات ابھر کر سامنے آسکیں۔

۱۰. انٹرویو (نشانات : 15)

اس کے تحت آپ کو اپنے علاقے کی کسی اہم شخصیت کا انٹرویو کرنا ہے۔ مثلاً کوئی سماجی کارکن، ماہر تعلیم، فنکار، سرکاری افسر، کوئی ہنر مند شخص، ماہر سماجیات، کسی خاص مرض کا ماہر ڈاکٹر، پولیس افسر، پٹواری وغیرہ۔ خیال رہے کہ انٹرویو میں پوچھے جانے والے سوالات چنندہ شخص کی مہارت کے اعتبار سے ہوں۔ اخبار یا کسی اور ذرائع سے نقل کیے گئے انٹرویو قبول نہیں کیے جائیں گے۔ انٹرویو میں کم از کم سات اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سوالات شامل ہونے چاہئے۔ انٹرویو کو تحریر کرنے سے پہلے جس شخص کا انٹرویو لیا گیا ہے اس کا مختصر تعارف تین یا چار سطور میں لکھیں۔

INDIAS LARGEST CIRCULATED URDU DAILY


# منصف

حیدرآباد
ایڈیٹر انچیف : ذلیل محمد

روزنامہ
قیمت ₹ 6.00
۸ فروری 2023

## ہم نے غریبوں کا خیال رکھا ہے، مودی حکومت کا دعویٰ!

### پارلیمنٹ میں تحریک تشکر کا آغاز، اڈانی معاملہ کی تحقیقات کا مطالبہ اپوزیشن کا


کانگریس لیڈر مسٹر راہل گاندھی پارلیمنٹ میں

نئی دہلی - 7 - فروری (یو این آئی) لوک سبھا میں تین دنوں کے تعطل کے بعد منگل کے روز ہونے والی کارروائی میں صدر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث شروع ہوئی۔ اس کا افتتاح کرتے ہوئے حکمراں بھارتیہ جنتا پارٹی کے چندر پرکاش جوشی نے کہا کہ مودی حکومت نے غریبوں کے مفادات کی فکر کرتے ہوئے بہت سی اسکیمیں نافذ کی ہیں، جس سے ان کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔

| اوقات نماز | |
|---|---|
| FAJR | 5:45 |
| ISHRAQ | 7:02 |
| ZOHAR | 12:40 |
| ASR | 4:38 |
| MAGHRIB | 6:19 |
| ISHA | 7:28 |

## ترکی اور شام میں 6 ہزار اموات کا خدشہ


ترکی اور شام میں گزشتہ روز آئے قیامت خیز زلزلہ کے بعد بچاؤ کارروائی کا ایک منظر

القرہ / دمشق - 7 فروری (ایجنسیز) ترکی اور پڑوسی ملک شام میں گزشتہ روز آنے والے شدید زلزلے میں مرنے والوں کی تعداد 6 ہزار کے قریب پہنچ جانے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے اور تقریباً 25 ہزار افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ترکی کی سرکاری خبر رساں ایجنسی اناطولیہ نے محکمہ آفات و ہنگامی انتظام کے حوالے سے بتایا ہے کہ ملک میں آنے والے زلزلے سے کم از کم 2921 افراد ہلاک اور 15,834 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ ہمسایہ ملک شام میں وزارت صحت نے بتایا کہ حلب، لاذقیہ، حما اور طرطوس صوبوں میں کم از کم 711 افراد ہلاک اور 1431 زخمی ہوئے۔

## گائے کی اسمگلنگ اور ذبح کرنے کا الزام 120 افراد گرفتار

لکھنؤ - 7 فروری (ایجنسیز) اتر پردیش میں گائے کی سمگلنگ اور ذبح کرنے میں ملوث 120 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ 120 میں سے 115 کو احتیاطی کارروائی کے طور پر پکڑا گیا ہے جبکہ 10 کو گائے ذبح کرنے کے جرم میں حراست میں لیا گیا ہے۔ ایس پی دیہی اکھلیش کمار نے کہا کہ بریلی ضلع کی 29 پولیس کی جانب سے ایسے افراد کو گرفتار کیا ہے جو گائے کو ذبح کرنے میں ملوث ہیں۔

## متنازعہ ایڈوکیٹ گوری کی بطور جج حلف برداری

### مدراس ہائی کورٹ میں تقرر کی سفارش کے خلاف درخواست سپریم کورٹ سے خارج



نئی دہلی - 7 - فروری (پی ٹی آئی) ایڈوکیٹ گوری نے منگل کو مدراس ہائی کورٹ کے ایڈیشنل جج کے طور پر حلف لیا۔ قائم مقام چیف جسٹس ٹی راجہ نے عدالت کے ججوں اور جوڈیشنل افسران کی موجودگی میں نئے ججوں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔

بلعلا جیولرس

Yesterday's 22 ct Gold Rate -
Rs.54,350/
Per 10 gms (Association Rate)

Ground floor, Balala Estate
Gulzar House X Road, Hyd
Ph- 24568384.
e-mail balaya.wallace@hotmail.com

اداریہ صفحہ

روزنامہ منصف حیدرآباد

## بعض افراد کے کانوں سے شور کی آوازیں کیوں آتی رہتی ہیں؟



کان انسانی جسم کے اہم ترین عضو میں شامل ہیں اور ان کی مدد سے انسان دوسروں کی باتیں کو سن کر انہیں جواب دینے کے قابل ہوتا ہے ماہرین کے مطابق کانوں سے مسلسل شور کی آوازیں آنے یا گھنٹیوں کے بجنے کے مسئلے کو طبی دنیا میں T-innitus کہتے ہیں اور اس کا سامنا دنیا بھر کے کروڑوں انسانوں کو ہوتا ہے۔

**Tinnitus کیا ہے؟**

ٹینائٹس دراصل کوئی بڑی بیماری نہیں بلکہ ایک شکایت یا علامت ہے جو عام طور پر جسم میں دوسرے مسائل کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ٹینائٹس کے دوران انسان کو اپنے ایک یا پھر دونوں کانوں سے ہر وقت شور اور گھنٹیوں سمیت مختلف اقسام کی آوازیں سنائی دیتی ہیں اور یہ آوازیں سناٹے یا خاموشی کے وقت اور بھی زیادہ تیزی سے سنائی دیتی ہیں۔ ٹینائٹس میں مبتلا ہونے والے افراد کو کانوں میں شور، گھنٹیوں بجنے، عجیب آوازوں کو گونجنے، کسی کے بھنبھنانے، پرندوں کی طرح چہچہانے سمیت دیگر طرح کی آوازیں سننے کا احساس ہوتا ہے۔

عام طور پر کانوں میں آواز گونجنے کی آوازیں رات کے وقت زیادہ شدید ہو جاتی ہے اور نیند کے لیے بستر پر جانے کے بعد اس میں مزید شدت پیدا ہو سکتی ہے فرد کو شدید ذہنی دباؤ اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## مسلمان ہونا دنیا بھر میں ایک مصیبت ہے!

### مہاتما گاندھی کے نواسے راج موہن گاندھی کا خیال

مسٹر راج موہن گاندھی ایک معروف و ممتاز سوانح نگار، تاریخ دان اور محقق ہیں۔ بہت سی شہرۂ آفاق کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی کتاب "Understanding The Muslim Mind" ان کی بہت ہی مقبول و معروف کتاب ہے۔ وہ سابق گورنر مغربی بنگال مسٹر گوپال کرشن گاندھی کے بڑے بھائی ہیں۔ وہ انسان دوست، سیکولرسٹ اور جمہوریت پسند ہیں۔ موصوف کا ایک مضمون 13 جنوری 2023ء کو انگریزی روزنامہ "دی ٹیلیگراف" میں شائع ہوا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ایشیا میں مسلمانوں کے لیے ہر جگہ زمین تنگ ہے۔ ہر جگہ انہیں مصائب اور مشکلات کا سامنا ہے۔ وہاں بھی مسلمانوں کے لیے آسانیاں نہیں ہیں جہاں مسلمان اکثریت میں آباد ہیں۔ شیعہ ایران میں 23 سالہ محسن شکاری کو گزشتہ دسمبر میں تہران میں مبینہ طور پر سرکاری ملیشیا کے ایک رکن کو زخمی کرنے کے الزام میں پھانسی دے دی گئی۔ ستمبر مہینے میں ایک نوجوان خاتون مہسا امینی کو حجاب نہ پہننے اور سخت ضابطۂ لباس پر اعتراض کرنے کی بنا پر گرفتار کیا گیا تھا۔ حراست ہی میں اس نوجوان خاتون کی دل کا دورہ پڑنے سے موت واقع ہو گئی۔ امینی اور ہزاروں بہت سی ایرانیوں میں سے دو ایسی خاتون میں جنہیں اظہار رائے کی بھاری قیمت چکانی پڑی۔ ایران کے سنی اکثریتی پڑوسی ملک افغانستان میں خواتین کے لیے یونیورسٹی کی تعلیم پر حال ہی میں پابندی عائد کی گئی۔ اس پابندی کے خلاف ایک نوجوان یونیورسٹی لیکچرر اسماعیل مشعل کو ٹیلیویژن کے سامعین کے سامنے کاغذات پھاڑنے پر مجبور کر دیا۔

اسپورٹس کی خبریں

روزنامہ منصف حیدرآباد

## ٹیسٹ میں کنگارو فیل، ٹیم انڈیا کا دبدبہ

### پہلے ٹیسٹ کے تیسرے ہی دن آسٹریلیا کو اننگ اور 132 رن سے شرمناک شکست



ناگپور: (یو این آئی) اسپن گیند بازی کی
مددگار وی سی اے اسٹیڈیم کی پچ پر روی چندرن
اشون کی قیادت والی جارحانہ گیند بازی کی
بدولت ہندوستان نے دنیا کی نمبر ایک ٹیسٹ
ٹیم آسٹریلیا کو پہلے ٹیسٹ میچ کے تیسرے دن
ہفتہ کو اننگز اور 132 رنوں سے بڑی تاریخی جیت
حاصل کی۔ وِدربھ کرکٹ اسٹیڈیم کی پچ پر ٹاس
جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے آسٹریلیا نے پہلی اننگز 177

## جھارکھنڈ کو شکست دے کر بنگال سیمی فائنل میں



کولکاتا (یو این آئی) بنگال نے کھیل کے شعبے
میں جھارکھنڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے پانچ روزہ رنجی
ٹرافی کوارٹر فائنل میں چوتھے دن جمعہ کو نو وکٹوں
سے شاندار جیت درج کی۔ ایڈن گارڈن گراؤنڈ
میں ٹاس ہارنے کے بعد پہلے بلے بازی کرنے والے جھارکھنڈ
پہلی اننگ میں صرف 173 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ سہار

سورج (89) نے جھارکھنڈ کو ذہنی
طور پر بچانے کی پوری کوشش
کی لیکن اس کے چھ بلے بازوں نے
اپنے انفرادی اسکور کو دوہرے ہندسے تک لے جانے میں
بھی ناکام رہے۔ جواب میں بنگال نے 328 رنز بنا کر 155
رنوں کی برتری حاصل کر لی۔

## بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے ڈونالڈ کے معاہدے میں توسیع کی



ڈھاکہ (یو این آئی)
بنگلہ دیش کے فاسٹ بولنگ کو
ایلن ڈونالڈ کے معاہدے کو اس
سال اکتوبر نومبر میں کھیلے جانے
والے ون ڈے ورلڈ کپ تک بڑھا
دیا ہے۔ بی سی بی کے صدر جلال دورہ عالمی ورلڈ کپ
2023 تک توسیع کی گئی ہے۔ آلینڈ نے باضابطہ طور پر
اس کی تصدیق نہیں کی ہے لیکن بتایا ہے کہ وہ انگلینڈ میں
ورلڈ کپ کی میزبانی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔


## کرناٹک کے ہاتھوں اتراکھنڈ کی کراری شکست

بنگلورو (یو این آئی) شریس
گوپال (161 رنز 3/116) کی آل راؤنڈ کارکردگی کی
مدد سے کرناٹک نے جمعہ کے روز رنجی ٹرافی کے
دوسرے کوارٹر فائنل کے چوتھے دن اتراکھنڈ کو ایک
اننگز اور 281 رنز سے شکست دی۔ ایم چنا
سوامی اسٹیڈیم میں اتراکھنڈ نے پہلے بلے بازی
کرتے ہوئے پہلی اننگز میں 116 رنز بنائے جس کے جواب
میں کرناٹک نے اپنی پہلی اننگز میں 606 رنز
بنائے۔

# خبری اہمیت کی تصاویر - 1

## چارلی ایبڈو کی بے انتہا بے حسی، زلزلہ متاثرین کا تمسخر

### کارٹون شائع کرنے پر شدید ردعمل کا سامنا



دوبئی ۹ فروری (ویب ڈیسک) فرانس کے طنزیہ میگزین چارلی ایبڈو کی جانب سے ترکیہ اور شام میں آنے والے تباہ کن زلزلے جس میں ۱۱ ہزار سے زائد جانیں گئیں، کے حوالے سے مزاحیہ کارٹون شائع کرنے پر شدید ردعمل سامنے آیا ہے اور اس کو بے حسی کی انتہا قرار دیا جا رہا ہے۔ عرب نیوز کے مطابق چارلی ایبڈو نے جو کارٹون شائع کیا ہے اس کے کیپشن میں لکھا گیا ہے کہ ڈرائنگ آف دی ڈے، جبکہ اس منظر میں منہدم عمارتیں اور ملبے کے ڈھیر دکھائے گئے ہیں ساتھ ہی لکھا گیا ہے ترکیہ میں زلزلہ۔ اسی طرح کارٹون کے نیچے لکھا گیا ہے - کہ ٹینک بھجوانے کی کوئی ضرورت نہیں - کارٹون شائع ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر اس کے خلاف شدید ردعمل سامنے آیا ہے اور ان میں معروف صحافی بھی شامل ہیں - بڑی تعداد میں لوگوں نے کارٹون کو نسل پرستی پر مبنی اور بیہودہ قرار دیا ہے اور ہزاروں معصوم متاثرین کا مذاق اڑانے پر شدید مذمت کی ہے - اسی طرح عبداللہ العمادی نے اپنی ٹویٹ میں کچھ یوں ردعمل دیا کہ یہ بہت ناگوار ہے - دوسروں کی مصیبتوں کا مذاق اڑانا اور اس پر محظوظ ہونا صحافتی اقدار کے منافی ہے اور مجھے اس پر کوئی شک نہیں ہے - لبنان سے تعلق رکھنے والے صحافی گزیلے خوری نے کارٹون کو شرمناک قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ میگزین وضاحت کرے کہ یہ کس طرح سے آزادی اظہار رائے ہے - اسی طرح لبنان سے تعلق رکھنے والی صحافی رعنا ابی جمعہ نے لکھا کہ چارلی ایبڈو کی نسل پرستی کے حوالے سے کوئی حدود ہی نہیں بلکہ مجھے حیرانی ہوگی کہ آج کے بعد کوئی کیسے اس طرح طنزیہ میگزین کا دفاع کرے گا - ہیں پاکستان کے سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری نے بھی کارٹون پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ نفرت اور اسلاموفوبیا اس وقت عروج پر ہوتا ہے جب ایک قدرتی آفت کو چارلی ایبڈو اس طرح سے پیش کرتا ہے : انہوں نے مزید لکھا کہ بنیادی طور پر ایک بیمار ذہنیت ہے مجھے انتظار ہے کہ یورپ کی جانب سے کب اس کی مذمت سامنے آتی ہے - سیاسی تجزیہ کار اور دوسرین نے میگزین کو یاد دلایا کہ 2015 میں حملے کے بعد کتنے ترکوں نے اس سے اظہار یکجہتی کیا تھا اور اس کا جواب مذاق اڑا کر دیا جا رہا ہے -

# خبری اہمیت کی تصاویر - 2

## نواب رونق یار خان "نویں نظام" مجلس صاحبزادگان کا اعلان

شاہی خاندان کے تمام جائز مسائل کے حل کی یقین دہانی۔ ارکان مجلس صاحبزادگان و امراء کے ساتھ پریس کانفرنس۔ سربراہ خاندان سکندر یار جنگ ثانی و نمائندہ ایڈیٹر رہنمائے دکن جناب سید احمد خان کی جانب سے




حیدرآباد - فروری (ہما - نیوز بیورو) شہر حیدرآباد و ملک بھر کی معروف سماجی شخصیت نواب رونق یار خان کو مجلس صاحبزادگان نے آج ایک پر ہجوم پریس کانفرنس میں خاندان آصف جاہی کا 9 واں نظام تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ہفتہ کے روز منعقدہ اس پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نواب رونق یار خان نظام نہم نے کہا کہ 1932 میں نظام ہفتم نواب میر عثمان علی خان کی سرپرستی میں قائم ہونے والی مجلس صاحبزادگان جس کے تقریباً 4500 ارکان ہیں۔ انہیں شاہی خاندان قیادت کیلئے منتخب کیا ہے اور یہ ایک روایتی جانشینی ہے۔ یہاں یہ تذکرہ ضروری ہوگا کہ مجلس صاحبزادگان کے صدر میر مجتبیٰ علی خان نائب صدر نظام علی خان، جنرل سکریٹری صاحبزادہ محمد معز الدین خان، سکریٹری نائب علی خان، خازن عابد علی خان اور میڈیا انچارج صاحبزادہ مبارک اللہ برکت اور دیگر عہدداروں نے گزشتہ روز نواب رونق یار خان صاحب کو بھاری اکثریت کے ساتھ نویں نظام کے منصب پر فائز کیا تھا اور بتایا تھا کہ تمام 4500 ہزار صاحبزادگان و امراء انہیں نواں نظام تسلیم کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ نواب رونق یار خان نظام میر محبوب علی خان کے پڑنواسے ہوتے ہیں۔

نواب رونق یار خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آصفجاہی خاندان ارکان کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔



Director, DDE

# خبری اہمیت کی تصاویر - 3

## حیدرآباد کی سڑکوں پر ڈبل ڈیکر بسیں واپس

### کے ٹی آر کے ہاتھوں افتتاح، فروری کے بعد سیاحتی مقامات کیلئے سروسیس کا استعمال



کے ٹی راما راؤ جھنڈی دکھاتے ہوئے - تصویر: علیم اسٹانبل

حیدرآباد - 7 فروری (رہنما نیوز بیورو) ڈبل ڈیکر بسیں حیدرآباد کی سڑکوں پر واپس آگئی ہیں۔ تین الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسوں کا وزیر میونسپل ایڈمنسٹریشن و شہری ترقی منسٹر کے ٹی راما راؤ اور چیف سکریٹری اے شانتی کماری نے آج یہاں ایم پی جیوڈلا جی رنجیت ریڈی اور ایم ایل اے حیدرآباد اکبر الدین اویسی کی موجودگی میں ہری جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ حیدرآباد میں فروری کو فارمولا ای ریس شیڈول کے ساتھ یہ بسیں بنیادی طور پر ریس ٹریک کے اردگرد چلیں گی جس میں ٹینک بنڈ، نیکلس روڈ، پراڈائز اور نظام کالج شامل ہیں۔ فروری کے بعد بسوں کو شہر میں سیاحت کو بڑھانے کیلئے ہیریٹیج ٹرکٹ کے ساتھ استعمال کرنے کا منصوبہ ہے۔ حیدرآباد میں ڈبل ڈیکر بسوں کی تاریخی اہمیت ہے اور روایتی ڈبل ڈیکر بسیں جو نظام نے شروع کی تھیں 2003 تک شہر میں چلتی رہیں۔ ٹوئٹر پر ایک شہری کی درخواست کے بعد وزیر کے ٹی آر نے ان میں سفر کی خوبصورت یادیں تازہ کرتے ہوئے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ڈبل ڈیکر بسوں کو واپس لانے کے امکانات تلاش کریں۔ ان کی ہدایات کے مطابق حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے چھ الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسوں کا آرڈر دیا جس میں سے تین بسیں منگل کو فراہم کی گئیں اور ان کا افتتاح کیا گیا۔ باقی تین بسوں کی بھی جلد ہی توقع ہے اور ہمڈا اس بیڑے کو 20 بسوں تک بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ہر بس کی قیمت 2:16 کروڑ روپے ہے اور یہ سات سال کی اے ایم سی کے ساتھ ہیں۔ بسوں میں جملہ 65 مسافروں کے علاوہ ڈرائیور کے بیٹھنے کی گنجائش ہے اور یہ مکمل طور پر الیکٹرک ہے۔

# خبری اہمیت کی تصاویر - 4

## 17 گھنٹے ملبے تلے دبی شامی بچی بہن کی ڈھال بن گئی

ریاض 8 فروری (ایجنسیز) ترکیہ اور شام میں پیر کی صبح آنے والے شدید زلزلے کے بعد تباہی کے مناظر کی تصاویر اور دلخراش ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہیں۔ شام میں تباہ ہونے والی ایک عمارت میں 17 گھنٹے سے ملبے تلے دبی شامی بچی اپنی چھوٹی بہن کی ڈھال بن گئی اور اس کے سر کو زخمی ہونے سے بچانے کی کوشش کرتی رہی۔ ترکیہ اور شام میں زلزلے سے دو کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہو سکتے ہیں۔ العربیہ نیٹ کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ملبے تلے دبی شامی بچی اپنی چھوٹی بہن کے سر پر اپنا ہاتھ رکھے اور اسے اپنے سینے سے لگائے ہوئے ہے۔ دونوں بہنیں ایک بڑے بلاک کے نیچے دبی تھیں اور حرکت کرنے سے بھی قاصر تھیں تاہم اس کے باوجود انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ شامی بچی اپنی چھوٹی بہن کو حوصلہ دیتی رہی۔ ریسکیو ٹیم جب موقع پر پہنچی تو امدادی ٹیم کے ایک اہلکار نے شامی لڑکی کو




باتوں میں لگایا تاکہ ریسکیو آپریشن مکمل ہونے تک انہیں اطمینان دلایا جا سکے۔ اہلکار نے اس سے چھوٹی بہن کے لیے کھلونوں کے بارے میں پوچھا۔ ملبے تلے دبی شامی لڑکی نے ریسکیو اہلکار سے کہا کہ انکل مجھے یہاں سے نکال لیں۔ میں زندگی بھر آپ کی خدمت کرتی رہوں گی۔ مقامی میڈیا اور ریسکیو اہلکاروں کے مطابق لڑکی اور اس کی بہن کو زلزلے کے 17 گھنٹے بعد ملبے سے نکال لیا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ایک اور ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ شام میں حلب کے علاقے جندریس میں ملبے تلے دبی ایک بچی کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی تھی۔ بچی بے ہوش تھی۔

# 5 خبری اہمیت کی تصاویر

## محبوبہ مفتی کی پارلیمنٹ تک مارچ کی کوشش ناکام

### جموں و کشمیر میں انہدامی مہم کے خلاف مظاہرہ، پی ڈی پی سربراہ گرفتار



پی ڈی پی سربراہ محبوبہ مفتی کو نئی دہلی میں پولیس گرفتار کرکے لے جاتے ہوئے

نئی دہلی - ۸ - فروری (پی ٹی آئی) جموں و کشمیر کی سابق چیف منسٹر محبوبہ مفتی کو چہارشنبہ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس کے کے قریب اس وقت حراست میں لے لیا گیا جب وہ جموں و کشمیر میں جاری تجاوزات مخالف مہم کے خلاف پارلیمنٹ ہاؤس کے قریب بوٹ کلب کے قریب مظاہرہ کر رہی تھیں - احتجاج کے دوران محبوبہ مفتی نے کہا کہ جموں و کشمیر میں غنڈہ راج چل رہا ہے قانون کی حکومت نظر نہیں آ رہی - پہلے ہماری شناخت چھین لی گئی اب زمین اور ملازمت شناخت چھین لی گئی، اب زمین اور ملازمت چھین رہے ہیں ہمارے گھر چھین رہے ہیں، دکان توڑ رہے ہیں - جموں و کشمیر کو افغانستان کی طرح برباد کیا جا رہا ہے - اس سے قبل پی ڈی پی چیف محبوبہ مفتی نے جموں و کشمیر میں جاری تجاوزات مخالف مہم کو لے کر بی جے پی حکومت کا موازنہ ایسٹ انڈیا کمپنی سے کیا - انھوں نے یہ بھی کہا کہ فلسطین کشمیر سے بہتر ہے - گزشتہ روز بھی محبوبہ مفتی نے خراب حکمرانی کو لے کر بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا - انھوں نے کہا تھا کہ بی جے پی نے ہندوستانی آئین کو تباہ کرنے کے لئے اپنی اکثریت کو ہتھیار بنایا ہے - انھوں نے عوام الناس اور عدلیہ کی آواز کو کچلنے کے لئے میڈیا کو بھی استعمال کیا گیا ہے - سابق چیف منسٹر نے الزام لگایا کہ جموں و کشمیر کو بی جے پی نے افغانستان میں بدل دیا ہے - بی جے پی تجاوزات مخالف مہم کے ذریعے غریبوں و حاشیہ پر رہنے والے لوگوں کے گھروں کو منہدم کرنے کے لئے بلڈوزر کا استعمال کر رہی ہے - پی ڈی پی لیڈر کا کہنا ہے کہ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا یہ دعوی کر رہے ہیں کہ تجاوزات مخالف مہم کے دوران غریبوں کے مکانات کو چھوا نہیں جائے گا، لیکن زمینی سطح پر ان کا پیغام سنا نہیں جا رہا ہے -


# خبر نگاری

## Family shopping Expo 6 Days Exhibition




حیدرآباد (نامہ نگار)

بہ تاریخ 1 مارچ سے 6 مارچ تک
family shopping expo
کیا جارہا ہے منعقد Salarjung Museum
موجود Minar gardan میں 6 دنوں
کے لئے بڑے پیمانے پر family
shopping expo منعقد کیا گیا۔
expo کے اوقات دن میں 12 بجے سے
لے کر رات 11 تک رہینگے۔ یہاں پر ایک ہی چھت تلے بہترین stall
لگائے گئے ہیں۔ دہلی، ممبئی، پنجاب سے شہروں کے علاوہ کراچی
کے بہترین Suit، Karachi suits، Saudi Abayas،
Imported Mobile covers، Dubai Jewellery
Bedsheets، Hand Bags، Bags، kashmiri Dryfruits
Home Decor، وغیرہ وغیرہ عوام کی خدمت کے لئے منعقد
کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بہت ساری چیزیں یہاں آپ کو جانے
کے لئے مل رہی ہے۔ لذیذ اور مزیدار food stall عوام کے
خدمات میں ہے۔ بچوں کے لئے play zone اور مفت por-
king کی بھی faci-
lity بھی عوام کو دی
جارہی ہے۔ وہاں پر
کافی اچھی پیمانے پر
عوام (public) آرہی ہے
اس کے علاوہ بعد سے بڑھا
Rambo shopping festival
21 March سے شروع ہوگا اور
2 April تک exination ہوگا
Nasir Ahmed Khan
3 ان سب کا دیکھا ہوں۔



# ریڈیو نیوز کی اسکرپٹ

AIR News Urdu

All India Radio News
www.Newsonair.com/urdu

## آکاشوانی سماچار

### دوپہر سماچار

نیوز موسیقی - (Music)

آداب یہ آکاشوانی ہے خبروں کے ساتھ میں فرحانہ -

## سرخیاں

پس منظر موسیقی کے ساتھ

1. تعلیمی شعبہ کو نظر انداز کرنے کا حکومت پر الزام
2. اسکریٹریٹ کی نئی عمارت کا افتتاح پھر ملتوی
3. ترکیہ اور شام میں زلزلے سے 25 ہزار سے زائد ہلاکتیں
4. ناگپور کی پچ پر آسٹریلیا انگز سے ناکام ، ہندوستان کی تاریخی جیت

⟸ اب خبریں تفسیر سے

1. کانگریس کے دکن اسمبلی ڈی سریدھر بابو نے ریاستی اسمبلی میں بی آر ایس حکومت کو اپنی شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے حکومت پر الزام عائد کیا کہ اس نے گزشتہ 9 سال میں تعلیمی شعبہ کو نظر انداز کر دیا ہے۔ انھوں نے پوچھا کہ ریاستی حکومت قانون حق تعلیم پر عمل درآمد کیوں نہیں کر رہی ہے -

2. سکریٹریٹ کا افتتاح دوسری مرتبہ ملتوی کیا جاچکا ہے - ریاست میں دوار کان قانون ساز کونسل کے انتخابات کے علامیہ کی اجرائی اور انتخابی ضابطہ اخلاق کے باعث الکشن کمیشن نے چیف سیکریٹری مسٹر شانتا کماری کو روانہ مکتوب میں سکریٹریٹ کی افتتاح تقریب کیلئے اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا -

Ads

More

3. غیر سرکاری ذرائع کے مطابق صرف ترکی میں ہی زلزلے ایک ملین سے زائد متاثرین اس وقت عارضی قیام گاہوں میں مقیم ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق شام میں زلزلے سے بے گھر ہونے والوں کی تعداد 5.3 ملین ہو سکتی ہے۔ ترکی اور شام میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے 5 روز بعد ان دونوں ممالک میں ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر اب 25 ہزار سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔

4. اسپن گیند بازی کیلئے سازگار وی سی اے اسٹیڈیم کی پچ پر روی چندرن اشون کی قیادت والی جادوئی بولنگ کی بدولت ہندوستان نے دنیا کی نمبر ایک ٹیسٹ ٹیم آسٹریلیا کو پہلے ٹیسٹ کے آج یہاں تیسرے دن ہفتہ کو اننگز اور 132 رنوں سے ہرا کر تاریخی جیت حاصل کی

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

موسیقی کے ساتھ۔

1. تعلیمی شعبہ کو نظر انداز کرنے کا حکومت پر الزام
2. سکریٹریٹ کی نئی عمارت کا افتتاح بھی ملتوی
3. ترکیہ اور شام میں زلزلے سے 25 ہزار سے زائد ہلاکتیں
4. ناگپور کی پچ پر آسٹریلیا اننگز سے ناکام، ہندوستان کی تاریخی جیت

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

The end

# ٹیلی ویژن نیوز اسکرپٹ

Time
07:30 pm

## News 18 Urdu

موسیقی...

السلام علیکم ناظرین خبرنامے میں آپ سب کا استقبال ہے
میں ہوں فرحانہ تبسم،
آگے بڑھنے سے پہلے سرخیوں پر ڈالتے ہیں ایک نظر

سرخیاں - visual

① بی بی سی دستاویزی فلم معاملہ: مودی حکومت کو نوٹس

② القدس کے پرانے موقف کی برقراری کو بائیڈن کی حمایت

③ قرآن مجید کی بے حرمتی، سویڈن، ڈنمارک اور ناروے کے خلاف احتجاج

④ آسٹریلیا کے خلاف ٹسٹ سیریز کے لیے ٹیم انڈیا کی تیاری شروع

سرخیاں آپ نے دیکھی اب پیش ہے خبروں کی تفصیل...

① سپریم کورٹ نے 2002 کے گجرات فسادات پر بی بی سی کی دستاویزی فلم پر پابندی لگانے کے مرکز کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی ایک عرضی پر جمعہ یعنی 3 فروری کو سماعت کرتے ہوئے مودی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے مرکزی مودی حکومت سے 3 ہفتوں میں جواب طلب کیا ہے

(visual یہاں پر تصویر)

② امریکی صدر جو بائیڈن نے وائٹ ہاؤس میں اردن کے شاہ عبداللہ دوم کی میزبانی کے دوران القدس کے مقدس مقامات کی پرانی حیثیت برقرار رکھنے کی حمایت کی ہے۔ وائٹ ہاؤس کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اردن کے بادشاہ اور ولی عہد حسین کے ساتھ لنچ کے دوران بائیڈن نے کہا کہ امریکہ اور اردن کے درمیان دوستی کی قربت اور پائیداری کو عیاں کیا

Visual Ad

More

③ ڈنمارک، سویڈن اور ناروے میں اسلام اور مسلمانوں کےخلاف زہر افشانی اور قرآن شریف کے نسخوں کو نذرِ آتش کرنے کے واقعات کے علاوہ پیغمبرِ اسلام کی شانِ اقدس میں گستاخیوں کےخلاف ٹی آر ایس کارکنوں نے بلدی حلقہ چھاونی کے محلے ملک پیٹ کی مسجد رشید کے روبرو بعد نمازِ جمعہ احتجاج کیا۔ صدر بی آر ایس چھاونی نادی علی بیگ ڈویژن حبات حسین جلیب کی قیادت میں پارٹی کارکنوں بشمول محمد عظیم اور دیگر نے ان ممالک کےخلاف نعرے لگائے اور ان کے پرچم نذرِ آتش کرگئے۔ (یہاں پر تصویر - Visual)

④ آسٹریلیا کے خلاف آئندہ ۹ فروری سے شروع ہونے والے بارڈر-گواسکر سیریز کی تیاری کے لیے ٹیم نے پریکٹس کا آغاز کردیا ہے۔ نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے کے بعد اب ٹیم انڈیا کی نظر اب آسٹریلیا کے خلاف ٹسٹ سیریز پر ہے۔ ہندوستان کے لیے یہ سیریز اہم ہے کیونکہ اسے ورلڈ ٹسٹ چمپئن شپ کے فائنل میں جگہ بنانے کا چیلنج ہے۔
(یہاں پر تصویر Visual)

آخر میں سرخیوں پر اب ایک نظر

with music
(موسیقی کےساتھ)

1. بی بی سی دستاویزی فلم معاملہ: مودی حکومت کو نوٹس
2. القدس کے پرانے موقف کی برقراری کو بائیڈن کی حمایت
3. قرآن مجید کی بےحرمتی، سویڈن، ڈنمارک اور ناروے کےخلاف احتجاج
4. آسٹریلیا کے خلاف ٹسٹ سیریز کے لیے ٹیم انڈیا کی تیاری شروع
(Visual)

The end

# اشتہار سازی برائے اخبار



VIJAYA DIAGNOSTIC CENTRE ®

آپ کی صحت کی طرف ہر
دن ایک قدم ایک صحت مندانہ
زندگی میں اضافہ کا سبب
بنتی ہے

**وجیا نیا سال**
**صحت کی جانچ - بنیادی**

شمولیت:
- فاسٹنگ پلازما گلوکوز
- مکمل خون کی تصویر (CBP)
- پیشاب کی مکمل جانچ (CUE)
- یوریا
- سیرم کولیسٹرول
- جگر کے فنکشن ٹیسٹ
- تھائی رائڈ پروفائل (T3, T4, TSH)
- ای سی جی
- ایکسرے چیسٹ پی۔ اے۔ ویو

**پیشکش کی قیمت* روپے 1815/-**
ایم آر پی روپے ~~3300~~/-

**وجیا نیا سال**
**صحت کی جانچ - اعلیٰ درجہ**

شمولیت:
- فاسٹنگ بلڈ شوگر
- مکمل خون کی تصویر (CBP)
- پیشاب کی مکمل جانچ (CUE)
- بلڈ یوریا نائٹروجن (BUN)
- HbA1c
- لپڈ پروفائل
- جگر کے فنکشن ٹیسٹ
- یوریک ایسڈ
- تھائی رائڈ پروفائل (T3, T4, TSH)
- ای سی جی
- وٹامن بی 12
- وٹامن ڈی کل
- الٹراساؤنڈ پیٹ اور شرونی
- مردوں کے لیے پی ایس اے
- خواتین کے لیے پیپ اسمیر
- ایکسرے چیسٹ پی۔ اے۔ ویو

**پیشکش کی قیمت* روپے 4999/-**
ایم آر پی روپے ~~10300~~/-

مزید معلومات کے لیے، **040-2100 0000** پر کال کریں۔

www.vijayadiagnostic.com
/ VdcConnect

## Classified

**ضرورت ہے پلاٹس کی**

متنازعہ ترتیب کردہ پلاٹس ہم
خریدتے ہیں بمقام آشیانہ نگر
کالونی، بائی پاس روڈ، دو ہزار مربع
فٹ چاہیے۔

Cont: 9010086786 AMS
شیخ عبدالقادر BE(civil) ڈائرکٹر

## JODI PAKWAN & CATERING

تمام اقسام کی لذیذ پکوان بنا
دی جاتی ہیں دیگر تقاریب و کیٹرنگ
کیلئے ماہر باورچیوں کی خدمات
حاصل ہیں۔ 30 سے زائد برسوں
کیلئے ہمیں ملیے آرڈر بک کروائیں

6281210774,
9182561652

# Press Release

F.6-4 (Edit)/2023 NCPUL Press Release

Website: www.urducouncil.nic.in
E-mail: publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

## قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

## National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education Government of India

فروغ اردو بھون
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 13/02/2023

### ابن کنول اردو کے ہمہ جہت فنکار تھے: پروفیسر شیخ عقیل احمد

پروفیسر ابن کنول کے انتقال پر قومی اردو کونسل میں تعزیتی نشست

نئی دہلی: اردو کے مشہور ناقد، محقق اور افسانہ نگار پروفیسر ابن کنول سابق صدر شعبۂ اردو، دہلی یونیورسٹی کے انتقال پر قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے صدر دفتر میں تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ پروفیسر ابن کنول کا این سی پی یو ایل سے بہت گہرا رشتہ رہا ہے۔ قومی اردو کونسل کے بہت سے علمی اور ادبی معاملات میں ان کی رہنمائی ملتی رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ابن کنول میرے مشفق استاد تھے۔ وہ محنت اور شفقت کی ایک جیتی جاگتی علامت تھے۔ ان کی موت سے اردو زبان و ادب کا ناقابل تلافی خسارہ ہوا ہے۔ شیخ عقیل نے کہا کہ پروفیسر ابن کنول نے مختلف اصناف ادب میں طبع آزمائی کی لیکن داستان ان کا خاص موضوع تھا۔ اس کے علاوہ افسانے، خاکے، انشائیے اور تحقیق و تنقید پر بھی انھوں نے گراں قدر سرمایہ چھوڑا ہے۔ وہ ایک ہمہ جہت فنکار تھے اور ان کی تخلیقات انھیں ہمیشہ زندہ رکھیں گی۔ خلیل الرحمن ایڈووکیٹ نے بھی ابن کنول کی شخصیت کے مختلف زاویوں کا احاطہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ باغ و بہار شخصیت کے مالک تھے، ان کا اچانک اس طرح دنیا سے چلے جانا واقعی ہم لوگوں کے لیے کسی صدمے سے کم نہیں، ان کی ایک اہم خصوصیت یہ تھی کہ ان کے اندر بناوٹ بالکل نہیں تھی، ان کی تحریر و تقریر بھی اس سے پاک تھی۔ انھوں نے مزید کہا کہ ابن کنول چونکہ داستان کے آدمی تھے۔ اس لیے ان کی شخصیت پر داستان کا بہت گہرا اثر تھا، وہ مشکل اور پیچیدہ الفاظ کے استعمال سے پرہیز کرتے تھے، ان کو جنوں کی حرکتیں پڑھنے کا شوق تھا۔ ان کا کام بہت وقیع ہے خاص طور پر داستان کے تہذیبی پس منظر کے حوالے سے ان کی کتاب بہت اہم ہے۔ اردو کے ناقد اور صحافی حقانی القاسمی نے تعزیتی کلمات ادا کرتے ہوئے پروفیسر ابن کنول کی شخصی اور ادبی خوبیوں پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ ابن کنول اپنی ذات کے خول میں بند رہنے والے شخص نہیں تھے۔ ان کا سماجی دائرہ بہت وسیع تھا۔ وہ اپنے شاگردوں کا خاص خیال رکھتے تھے۔ انھوں نے علمی اور ادبی دنیا کو گراں قدر اثاثہ عطا کیا ہے اس سے ان کی مطالعاتی وسعت اور فکری منظرات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ داستان کے حوالے سے ان کا تحقیقی اور تنقیدی کام نئی نسل کے لیے نشان راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

← اس تعزیتی نشست میں کونسل کا تمام عملہ موجود رہا

(رابطہ عامہ سیل)

سوال 6 - کیا یہ درست نہیں ہے کہ ملک کے ہزاروں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں مسلح افواج میں یا مرکزی مسلح پولیس دستوں میں شمولیت کے خواہشمند رہتے ہیں ؟ کیا حکومت کو علم ہے کہ مرکزی مسلح پولیس دستوں میں ۸۲ ہزار سے زائد اسامیاں خالی ہیں ؟ اس کے باوجود آخر کیوں وقفے وقفے سے بھرتیاں نہیں کی جاتیں ؟

سوال 7 - کیا یہ درست ہے کہ ۲۳ آئی آئی ٹیز کے منظور شدہ ۸ ہزار سے زائد عہدوں میں سے ۳ ہزار سے زائد عہدے خالی ہیں ؟ چونکہ آئی آئی ٹیز اور مرکزی یونیورسٹیاں مرکزی حکومت کے ماتحت ہیں اس لئے تقرریاں مرکز کی ذمہ داری ہے ۔ اس پر مرکزی حکومت کو خواہدہ ہونا چاہئے ۔

سوال 8 - کیا یہ درست نہیں ہے کہ گذشتہ نو سال میں ایک لاکھ افراد نے دوسرے ملکوں کی شہریت اختیار کر لی ۔ کیا یہ بھی درست نہیں کہ سال ۲۰۲۲ء میں سوا دو لاکھ ہندوستانی شہریوں نے شہریت ترک کی ہے ؟ کیا حکومت کے لئے انکوائری کروانا ضروری نہیں ہے ۔

سوال 9 -

classmate

# الیکٹرانک میڈیا کے لئے اشتہار کی اسکرپٹ نگاری

## Rambo shopping festival

ایک بار پھر شہر حیدرآباد میں بڑے پیمانے پر Rambo shopping festival منعقد کیا جا رہا ہے جو 21 March سے شروع اور 7 April تک exhibition ہوگا۔
اس festival کو Salarjung museum کے پاس منعقد کیا جا رہا ہے۔

[یہاں پر Rambo shopping festival کے stalls کی تصویر visual پیش کریں]

تو کس بات کی دیری ہے آج ہی جائے اب پروگرام بنائے اپنوں کے ساتھ اور خوب ساری خریداری کریں

ہمارا پتہ - Minar garden Salarjung museum
(حیدرآباد)

# انٹرویو، سماجی کارکن کے ساتھ

السلام علیکم یہ ہمارے علاقہ کے ظفر بھائی ہے جو گزشتہ کئی سالوں سے سماجی خدمات انجام دے رہے ہیں ظفر بھائی ہر وقت قوم کی خدمت کے لیے ہمیشہ تیار رہتے ہیں جانے کوئی بھی اور کبھی بھی ان کے پاس مدد کے لیے جائیں ظفر بھائی ان کی مدد کرتے ہیں آیئے ہم ان سے چند سوالات کرتے ہیں۔۔۔

1 سوال - ظفر بھائی آپ نے تعلیم کہاں تک حاصل کی ؟

جواب - میں تعلیم مولوی تک حاصل کی کیا 2008 میں دارالحدہ مدرسہ کوٹھونبدا سے مولوی کیا -

2 سوال آپ نے سماجی کارکن بننا ہی کیوں پسند کیا ؟

جواب - ہمارے سماج میں غیر ملکی تہذیب و تمدن زیادہ پسند کرنے لگے ہیں جس کے چلتے کچھ اچھی تو کئی ساری برائیاں بھی ہمارے سماج میں ہونے لگی - اپنی تہذیب و تمدن کے فروغ کے لئے میں نے سماجی کارکن بننا پسند کیا -

3 سوال - آپ کہاں کے اصل رہنے والے ہیں ؟

جواب ! - میں بہار سے ہوں Belo رہتا ہوں میرا جنم بہار کے ایک چھوٹے شہر کٹیہار میں ہوا -

4 سوال - ظفر بھائی آپ کتنے برسوں سے قوم کی خدمت کا کام انجام دے رہے ہیں ؟

جواب - قریب دس (10) سالوں سے قوم کی خدمت کر رہا ہوں -

5 سوال - اچھا یہ بتائیے کہ آپ کیا محسوس کرتے ہیں

MORE

جب آپ کے پاس کوئی بہت پریشان شخص آتا ہے؟

جواب :- پہلے تو میں ان کی پریشانی کو سمجھتا ہوں کہ کیا ہے اصل میں ان کی پریشانی پھر اس سے کیسے نجات پائے اس کو سمجھاتا ہوں اور میں محسوس کرتا ہوں کہ جس پریشانی سے وہ آج گزر رہا ہے شائد وہ نہ گزرے ۔

سوال 6 - ظفر بھائی covid کے اس دور میں آپ قوم کی خدمت کے لئے کیا کیا جب کہ زیادہ تر لاکڈاون لگا دیا تھا؟

جواب :- میں نے اس میں پوری کوشش کی کہ covid کے پھیلاؤ کو روکیں ، ایک دوسرے کے درمیان کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ رکھیں - پھر بھاڑ کی جگہوں جیسے علم ، حکم اور روحانی / مذہبی اجلاس سے گریز کریں - شہر سے کام کریں اور بلا وجہ باہر نہ نکلیں اس کے ساتھ ساتھ قوم کے بہت سارے کاموں کو انجام دیتا تھا جس میں حکومت نے بھی کافی مدد کی -

سوال 7 - معلوم ہوا کہ آپ علامہ اقبال کے بہت بڑے fan ہیں تو جاتے جاتے ایک شعر ہو جاتا تو ہمارے Audience کو بہت خوشی

جواب :- ان کا ایک مشہور شعر ہوں ہے ..

اپنے کردار پہ ڈال کہ پردہ اقبال
ہر شخص کہہ رہا ہے زمانہ خراب ہے